کل نمبر:25 | اُردو (ہشتم) ٹیسٹ دہرائی نمبر 1 | وقت:30 منٹ

| | |
|---|---|
| تیسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن | **سلیبس:** دُہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ) |

(حصہ اوّل)

**سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** (13)

**1۔ ایسا فعل جو صرف فاعل کے ملنے سے بات پوری کرے، کہلاتا ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | فعل لازم | (ب) | فعل متعدی | (ج) | فعل امر | (د) | فعل نہی |

**2۔ اضحیٰ سے مراد ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اخوت | (ب) | قربانی | (ج) | مساوات | (د) | عدل |

**3۔ عیدالاضحیٰ سنت ہے:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | حضرت ابراہیم علیہ السلام کی | (ب) | حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی |
| (ج) | حضرت نوح علیہ السلام کی | (د) | حضرت موسیٰ علیہ السلام کی |

**4۔ مسلمانوں کا تہوار ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عیدالفطر | (ب) | عیدالاضحیٰ | (ج) | عیدمیلادالنبی | (د) | الف، ب، ج تینوں |

**5۔ لوک ورثہ کا میلا ہوتا ہے مہینے کے پہلے ہفتے میں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اکتوبر میں | (ب) | نومبر میں | (ج) | دسمبر میں | (د) | جنوری میں |

**6۔ عیدالفطر منائی جاتی ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | یکم رجب کو | (ب) | یکم شوال کو | (ج) | یکم صفر کو | (د) | یکم ربیع الثانی کو |

**7۔ سکھوں کا تہوار ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | گرونانک کا جنم دن | (ب) | بیساکھی | (ج) | الف، ب دونوں | (د) | راکھی |

**8۔ ایسا فعل جو صرف فاعل کے ملنے سے بات پُوری نہ کرے، کہلاتا ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | فعل نہی | (ب) | فعل امر | (ج) | فعل لازم | (د) | فعل متعدی |

**9۔ یوم عاشور منایا جاتا ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | محرم میں | (ب) | صفر میں | (ج) | رجب میں | (د) | شعبان میں |

**10۔ ایسٹر تہوار ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | یہودیوں کا | (ب) | عیسائیوں کا | (ج) | سکھوں کا | (د) | ہندؤوں کا |



☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔**

شینڈُور کا علاقہ، گلگت اور چترال کے درمیان واقع ہے۔ یہ علاقہ خوب صورتی میں اپنی مثال آپ ہے۔ اسی علاقے میں پاکستان کے مشہور پہاڑی سلسلے ہندوکش، پامیر اور قراقرم بھی واقع ہیں۔ شینڈور کا علاقہ دراصل ایک درّہ ہے جہاں پچھلے آٹھ سو سال سے پولو کھیلا جا رہا ہے۔ شینڈور کا پولو گراؤنڈ دُنیا کا بُلند ترین پولو گراؤنڈ ہے۔ ہر سال ۷ جولائی تا ۹ جولائی یہاں گلگت اور چترال کی پولو ٹیموں کے مابین پولو میچ ہوتا ہے۔ اس میچ کو دیکھنے کے لیے نہ صرف قرب و جوار اور اندرونِ مُلک سے لوگ آتے ہیں بلکہ بیرونی ممالک سے بھی سیّاح کھنچے چلے آتے ہیں۔ اس میلے کی شہرت کو دیکھتے ہوئے کچھ سالوں سے یہاں دیگر تقریبات کا انعقاد بھی کیا جانے لگا ہے۔ میلے میں اب کوہ پیمائی، مچھلی پکڑنے کے مقابلے اور گھڑ سواری کے مقابلے بھی منعقد ہوتے ہیں۔ یہاں گھریلو دست کاریوں کی نمائش اور قبائلی علاقوں کی موسیقی کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ شینڈور کے درّے کی بلندی تین ہزار سات سو اڑتیس میٹر (بارہ ہزار دو سو چونسٹھ فٹ) ہے۔

**11۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | تبسم کے پھول | (ب) | مناظر پاکستان |
| (ج) | پاکستان کی تہذیب وثقافت | (د) | عظیم سپہ سالار |

**12۔ گلگت اور چترال کی پولو ٹیموں کے مابین پولو میچ ہوتا ہے**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ۳ تا ۱۰/جولائی | (ب) | ۲ تا ۷/جولائی | (ج) | ا تا ۳/جولائی | (د) | ۷ تا ۹/جولائی |

**13۔ شینڈور درے کی بلندی ہے**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | بارہ ہزار دو سو چونسٹھ فٹ | (ب) | گیارہ ہزار ایک سو فٹ |
| (ج) | بارہ ہزار دو سو فٹ | (د) | تیرہ ہزار دو سو فٹ |

**حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔** (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

**سوال نمبر1:** صوبہ پنجاب کا ثقافتی لباس کون سا ہے؟

**سوال نمبر2:** کیا پاکستان کے سب صوبوں کی ثقافت یکساں ہے؟

(حصہ سوم)

**سوال نمبر1:** رسید بابت مالیہ وصولی تحریر کریں۔

**سوال نمبر2:** وبا کی روک تھام کے لیے ہیلتھ آفیسر صاحب کے نام درخواست لکھیں۔